سلام ہو آپ پر اے اولین و آخرین سے بہتر و بزرگتر اور اے سب جہانوں کے امام۔ صلواۃ وسلام ہو

عَلَيْكَ يَا مُحِبَّنَا اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَحْبُوْبَنَا اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

آپ پر اے ہمارے محب۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے ہمارے محبوب۔ صلواۃ و سلام ہو آپ پر

يَا مَقْصُوْدَنَا اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَطْلُوْبَنَا اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

اے ہمارے مقصود۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے ہمارے مطلوب۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر

يَا قَلْبِيْ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رُوْحِيْ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سِرِّيْ

اے میرے قلب (وجگر) صلواۃ وسلام ہو آپ پر۔ اے میری روح صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے میرے سرِ نہاں

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَنَا اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّنَا اَلصَّلٰوةُ

صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے ہمارے رسول۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے ہمارے نبی۔ صلواۃ

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَافِيْ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا كَافِيْ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

اور سلام ہو آپ پر اے شفا دینے والے (باذن اللہ) صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے (باذن اللہ) کفایت کرنے والے صلواۃ وسلام ہو

عَلَيْكَ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَنْعَمَ الْمُنْعِمِيْنَ اَلصَّلٰوةُ

آپ پر اے سب عزت والوں سے عزیز تر۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے سب انعام کرنے والوں سے زیادہ انعام فرمانے والے

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَزْيَنَ الْمُزَيِّنِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَشْرَفَ

صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے سب زینت دینے والوں سے زیادہ زینت دینے والے۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے تمام ارباب شرف سے زیادہ

الْمُشَرَّفِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَخْلَصَ الْمُخْلِصِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَ

صاحب شرف۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے تمام مخلصین سے زیادہ مخلص صلوٰۃ و

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَفْضَلَ الْفَاضِلِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَخْشَعَ

سلام ہو آپ پر اے تمام ارباب فضیلت سے افضل۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے تمام ارباب خشوع سے زیادہ خشوع اور

الْخَاشِعِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَخْضَعَ الْخَاضِعِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَ

عاجزی ظاہر کرنے والے۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے تمام ارباب خضوع سے برتر۔ صلوٰۃ و

لسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَحْمَدَ الْحَامِدِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَجْوَدَ الْجَوَّادِيْنَ

سلام ہو آپ پر اے سب سے زیادہ حمد بجالانے والے۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے سب سے زیادہ جود ونوال والے

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَصْبَرَ الصَّابِرِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَقْرَبَ

صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے تمام صابرین سے صبر میں برتر۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے سب سے زیادہ

الْمُقَرَّبِيْنَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَحْمَةَ اللّٰهِ الْوَاسِعَةَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ

مقرب خداوند تعالیٰ۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے اللہ کی رحمت مجسم جو تمام جہانوں کو محیط ہے۔

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللّٰهِ الْمُنْبَسِطَ فِي الْخَلَآئِقِ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے اللہ تعالیٰ کے نور جو تمام مخلوق میں پھیلایا ہوا ہے۔ صلوٰۃ وسلام ہو

عَلَيْكَ يَا فَخْرَ اٰدَمَ وَمَنْ بَعْدَهٗ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَرَفَ اِبْرَاهِيْمَ وَ

آپ پر اے حضرت آدم کے فخر اور ان کے بعد والوں کے۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے شرف اور بزرگی حضرت ابراہیم کی اور

مَنْ دُوْنَهٗ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَحْرَ الْوِلَايَةِ الَّذِيْ عِيْسٰى مِنْ جَدَاوِلِهٖ

ان کے علاوہ سب کی۔ صلوٰۃ وسلام ہو آپ پر اے ولایت کے سمندر جس کی ندیوں میں سے حضرت عیسٰی بھی ایک ندی اور نالی ہے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا طُوْرَ النُّبُوَّۃِ الَّذِیْ مُوْسٰی مِنْ جَوَانِبِهٖ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

صلواۃ و سلام ہو آپ پر اے نبوت کے کوہ طور کہ حضرت کلیم بھی اس کا ایک کنارہ ہیں۔ صلواۃ و سلام ہو

عَلَیْكَ یَا مَنْ خُلَفَآءُهٗ اَرْکَانُ الدِّیْنِ الْحَنَفِیِّ الْکَمَالِیِّ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

آپ پر اے ذات والا کہ جن کے خلفاء ارکان ہیں دین حق اور شرع کامل کے۔ صلواۃ و سلام ہو

عَلَیْكَ یَا مَنْ اَصْحَابُهٗ نُجُوْمُ فَلَكِ الْهِدَایَۃِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ

آپ پر اے ذات مقدس کہ جن کے صحابہ آسمانِ ہدایت کے ستارے ہیں۔ صلواۃ و سلام ہو آپ پر

یَا مَنْ اُمَّتُهٗ خَیْرُ الْاُمَمِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَنْ شَرِیْعَتُهٗ نَاسِخُ

اے ذات مقدس کہ جن کی اُمّت خیر امم ہے۔ صلواۃ و سلام ہو آپ پر اے ذات معلّی کہ جن کی شریعت ناسخ ہے

الشَّرَآئِعِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَنْ طَرِیْقَتُهٗ بَیْنَ الْجَمَالِ وَالْجَلَالِ

پہلی تمام شریعتوں کی۔ صلواۃ و سلام ہو نازل ہو آپ پر اے ذات معلّی کی جن کا طور و طریقہ جمال و جلال کے درمیان ہے نہ

لَا یَغْلِبُ جَمَالُهٗ عَلٰی جَلَالِهٖ وَلَا جَلَالُهٗ عَلٰی جَمَالِهٖ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ

تو ان کا جمال جلال پر غالب آتا ہے اور نہ جلال جمال پر۔ صلواۃ و سلام ہو آپ پر

یَا مَنْ ظَهَرَ فِیْهِ الْاَسْمَآءُ وَالصِّفَاتُ الْاِلٰهِیَّۃُ کُلُّهَا عَلٰی وَجْهِ الْاِعْتِدَالِ

اے اللہ تعالیٰ کے مظہر اسماء وصفات کہ جن میں وہ سب (اسماء وصفات) ظہور پذیر ہیں کامل اعتدال کے ساتھ

التَّآمِّ بِلَا غَالِبِیَّۃٍ وَّمَغْلُوْبِیَّۃٍ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَنْ جَوَابُ سَلَامِهٖ

بغیر غلبہ اور مغلوبیت کے۔ صلواۃ و سلام ہو آپ پر اے وہ ذات اقدس کہ جن کا جواب

شِفَآءُ الْمَرْضٰی وَسَلَامَۃُ اَصْحَابِ الْاٰفَۃِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ

سلام مریضوں کے لیے سراسر شفا ہے اور آفت زدگان کے لیے سراسر سلامتی۔ صلواۃ و سلام ہو آپ پر

یَا مَنْ اَتَوَقَّعُ وَاَرْجُوْ اِعْتِمَادًا عَلٰی کَرَمِهِ الْعَامِّ الذَّاتِیِّ وَالصِّفَاتِیِّ جَوَابَ

اے رسول معظم کہ میں توقع اور آرزو رکھتا ہوں اعتماد کرتے ہوئے ان کے کرم عمیم ذاتی اور صفاتی پر سلام کا جواب ملنے

سَلَامٍ حَتّٰی اَسْلَمَ عَنْ جَمِیْعِ الْاٰفَاتِ وَاَتَوَسَّلُ بِکَرَمِهٖ اِلَیْهِ فِیْ هٰذَا الْمَطْلَبِ

کے لیے، (اپنے) سلام پیش کرنے پر تاکہ میں تمام آفات سے سلامت رہوں۔ اور میں وسیلہ پکڑتا ہوں انہیں کے کرم سے طرف ان

الْعَالِي الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَرْكَعَ الرَّاكِعِيْنَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

اس بلند مرتبت مقصد میں۔ صلواۃ و سلام ہو آپ پر اے سب سے زیادہ رکوع کرنے والے۔ صلواۃ و سلام ہو آپ پر

يَا أَسْجَدَ السَّاجِدِيْنَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَعْرَفَ الْمُعَرِّفِيْنَ الصَّلٰوةُ

اے سب سے زیادہ سجدے کرنے والے۔ صلواۃ و سلام ہو آپ پر اے سب سے زیادہ جاننے پہچانے۔ صلواۃ

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ زَيَّنَهُ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ شَرَّفَهُ اللّٰهُ

و سلام ہو آپ پر اے وہ ذات والا کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے مزین فرمایا صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے وہ ذات والا جنہیں اللہ تعالیٰ

الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ كَرَّمَهُ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ غَفَرَ

نے شرف عالی بخشا۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے وہ ذات والا کہ جنہیں اللہ نے مکرم بنایا۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے وہ ذات اقدس

لَهُ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ قَرَّبَهُ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

کہ مغفرت کا اعلان فرمایا اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر کہ جنہیں اللہ نے مقرب ٹھہرایا۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر کہ

يَا مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ أَحَبَّهُ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

جنہیں اللہ تعالیٰ نے چن لیا۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے وہ ذات کہ جنہیں اللہ نے محبوب بنایا۔ صلواۃ وسلام ہو

عَلَيْكَ يَا مَنْ طَلَبَهُ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ بَشَّرَهُ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ

آپ پر اے وہ ذات کہ اللہ تعالیٰ نے جنہیں طلب فرمایا۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے وہ ذات کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے بشارتیں دیں۔ صلواۃ

وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ ذَكَرَهُ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ دَنَاهُ اللّٰهُ

وسلام ہو آپ پر اے ذات مقدس کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے یاد فرمایا۔ صلوۃ و سلام ہو آپ پر اے ذات مقدس کہ اللہ ان کے قریب ہوا

الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ مَنَّ عَلَيْهِ اللّٰهُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ

صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے ذات مقدس کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر خصوصی احسان فرمایا۔ صلواۃ وسلام ہو آپ پر اے ذات معلی کہ

لَطَفَهُ اللّٰهُ اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَحَبِيْبِنَا وَشَفِيْعِنَا الْمُشَفَّعِ فِيْنَا مُحَمَّدٍ

اللہ تعالیٰ نے ان پر لطف وکرم فرمایا۔ اے اللہ صلواۃ بھیج ہمارے سردار اور نبی اور حبیب و شفیع اور ہمارے حق میں مقبول الشفاعت محمد

خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الشَّاهِدِ

خاتم انبیاء اور سید مرسلین پر۔ امام المتقین اور رسول رب العالمین پر جو امت کے احوال کا مشاہدہ کرنے والے ہیں۔

الْبَشِيْرِ الدَّاعِىْ اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

بشارت دینے والے تیری طرف بلانے والے ہیں تیرے امر سے جو روشن چراغ ہیں اور انہیں پر سلام ہو۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ

محمد کریم پر اور آپ کی آل۔ اصحاب اولاد اور ازواج و ذریات پر اور اہل بیت اور آپ کے دامادوں پر

وَاَنْصَارِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَاُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ اَجْمَعِيْنَ وَعَلٰٓى اُمَمِ جَمِيْعِ

اور آپ کی نصرت و امداد کرنے والوں اور آپ کی جماعتوں اور جملہ محبوں پر اور تمام اُمّت پر اور ہم پر بھی ان سبھی کے ساتھ اور تمام

الْاَنْبِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْاٰخِرِيْنَ

انبیاء کی امتوں پر۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج محمد کریم پر تمام اولین میں۔ اور صلوٰۃ بھیج محمد کریم پر تمام آخرین میں

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى النَّبِيِّيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْمُرْسَلِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اور صلوٰۃ بھیج محمد کریم پر تمام انبیاء میں۔ اور صلوٰۃ بھیج محمد کریم پر تمام مرسلین میں۔ اور صلوٰۃ بھیج محمد کریم پر

فِى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّكَ

ملاء اعلیٰ اور ارباب شرف میں قیامت تک کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام اور برکت عطا فرما ہمارے آقا محمد پر جو تیرے

وَرَسُوْلِكَ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَصَفِيِّكَ وَمُوْسٰى كَلِيْمِكَ وَنَجِيِّكَ وَعِيْسٰى

نبی و رسول ہیں۔ اور ابراہیم پر جو تیرے خلیل ہیں اور موسیٰ پر جو تیرے کلیم ہیں اور سرگوشی کرنے والے اور عیسیٰ پر جو

رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ وَعَلٰى جَمِيْعِ مَلَآئِكَتِكَ وَرُسُلِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ وَخِيَرَتِكَ مِنْ

تیرے پسندیدہ و روح ہیں اور کلمہ کن سے پیدا ہونے والے ہیں۔ اور اپنے تمام ملائکہ اور رسل پر اور تمام انبیاء پر اور اپنے منتخب

خَلْقِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ وَخَاصَّتِكَ وَاَوْلِيَآئِكَ مِنْ اَهْلِ اَرْضِكَ وَسَمَآئِكَ وَ

لوگوں پر ساری مخلوق سے۔ اور اپنے مخصوص افراد اور خواص پر۔ اور اپنے تمام دوستوں پر خواہ اہل ارض سے ہوں یا اہل سماء سے۔ اور

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْ نُوْرُهٗ مِنْ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ وَاَشْرَقَ بِشُعَاعِ سِرِّهِ

صلوٰۃ وسلام بھیج محمد کریم اور آل محمد پر جن کا نور خالص ترین انوار سے ہے اور ان کی شعاع باطن سے جگمگا اٹھے ہیں تمام اسرار

الْاَسْرَارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهِ الْاَبْرَارِ اَجْمَعِيْنَ اَللّٰهُمَّ

مخفی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام بھیج محمد کریم اور آپ کی آل اور تمام اہل بیت پر جو نکوکار ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ

صلواۃ نازل فرما محمد کریم اور آپ کی آل پر جو (محبوب) کہ تیرے انوار کے سمندر ہیں اور تیرے اسرار کی کان اور تیری حجت کے ترجمان

مَمْلَكَتِكَ وَخَلِيْفَةِ مُلْكِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِيَآئِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ

اور تیری مملکت کے دولہا۔ اور تیرے ملک میں نائب مطلق۔ تیری بارگاہ میں امام (خلائق) اور تیرے انبیاء کے خاتم ہیں ایسی صلواۃ

بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰى بِبَقَآئِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا

جو دائم ہو تیرے دوام کے ساتھ اور باقی رہے تیری بقاء کے طفیل ایسی صلواۃ جو تجھے راضی رکھے اور انھیں راضی رکھے اور تو راضی ہو

بَدِيْعُ الرَّاضِىُ الرَّضِىُّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ فِى السَّمَآءِ مَحْمُوْدٌ وَّفِى الْاَرْضِ

اس کے صدقے میں ہم سے۔ اے انوکھی تخلیق والے۔ اے رضامند اور راضی کئے ہوئے۔ اے اللہ صلواۃ بھیج اس ذات اقدس پر جو آسمان میں حمد کئے ہوئے ہیں

سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَاحِى الضَّيْرِ وَمُظْهِرِ سِرِّ الضَّمِيْرِ وَ

اور زمین میں ہمارے آقا ہیں اور بار بار حمد کئے ہوئے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام اور برکت عطا فرما ضرر کو مٹانے والی ذات پر۔ اور دلوں کے مخفی اسرار کے ظاہر کرنے

قَآئِدِ الْخَيْرِ وَفَاتِحِ الْبِرِّ وَنَبِىِّ الرَّحْمَةِ وَسَيِّدِ الْاُمَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

والے پر خیر اور بھلائی میں قائد۔ نیکی کے آغاز کرنے والے۔ نبی رحمت اور امت کے سردار پر۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ وَزَيْنِ الْمُرْسَلِيْنَ الْاَخْيَارِ وَ

محمد پر جو انوار میں سے عظیم نور اور اسرار قدرت میں سے عظیم ستر ہیں۔ محسنین کے سردار بزرگ و برتر۔ رسولوں کی زینت اور ان تمام لوگوں سے

اَكْرَمِ مَنْ اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ عَدَدَ مَا نَزَلَ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰى

عزت والے ہیں جن پر رات سایہ فگن ہوئی اور دن ضو فگن ہوا مطابق گنتی اُن کے جو نازل ہوئے ابتداء کائنات سے آخر تک

اٰخِرِهَا مِنْ قَطْرِ الْاَمْطَارِ وَعَدَدَ مَا نَبَتَ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰى اٰخِرِهَا مِنَ النَّبَاتِ

بارشوں کے قطرات سے۔ اور مطابق تعداد ان کے جو پیدا ہوئے ابتداء دنیا سے اس کی انتہاء تک نباتات اور پودوں

وَالْاَشْجَارِ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رَسُوْلِكَ

سے۔ ایسی صلواۃ جو دائم ہو ساتھ دوام ملک باری تعالیٰ کے جو واحد قہار ہے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما اپنے رسول

اَبِى الْقَاسِمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمَنْصُوْرِ الْمُؤَيَّدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمُخْتَارِ الْمُمَجَّدِ

ابو القاسم پر۔ اے اللہ صلواۃ بھیج اس ذات پر جو تیری طرف سے نصرت اور قوت دیئے ہوئے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج اس ذات اقدس پر جو کہ مخلوق سے چنے ہوئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج ہمارے آقا و مولیٰ محمد کریم پر۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج سیدنا محمد پر بن کے
اور برتری دیتے ہوئے ہیں۔

مَلَأْتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَعَيْنَهٗ مِنْ جَمَالِكَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مُؤَيَّدًا مَّنْصُوْرًا

دل کو تو نے بھر دیا ہے اپنے جلال کے ساتھ اور ان کی آنکھ کو اپنے جمال کے ساتھ پس وہ ہو گئے شاداں تائید اور نصرت یافتہ

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ حَمْدًا كَثِيْرًا اَللّٰهُمَّ

اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر اور سلامتی بخش جیسے کہ حق ہے سلامتی کا۔ اور اللہ تعالیٰ کے لیے حمد ہے اس پر حمد بے حد۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ خَلْقِكَ وَ

صلوٰۃ وسلام اور برکت نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو (آقا) تیری تمام مخلوق سے اکرم ہیں اور

سِرَاجِ اُفُقِكَ وَاَفْضَلِ قَآئِمٍ بِحَقِّكَ الْمَبْعُوْثِ بِتَيْسِيْرِكَ وَرِفْقِكَ صَلٰوةً

تیرے افق (جہان) کے لیے چراغ ہیں۔ اور تیرے حقوق کو قائم کرنے والوں سے افضل ہیں جو بھیجے گئے تیری طرف سے سہولت اور رفق کے ساتھ ایسی صلوٰۃ

يَتَوَالٰى تَكْرَارُهَا وَتَلُوْحُ عَلَى الْاَكْوَانِ اَنْوَارُهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

کہ مسلسل ہو تکرار اس کا۔ اور ظاہر ہوں کائنات پر انوار اس کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام اور برکت عطا فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ مَمْدُوْحٍ بِقَوْلِكَ وَاَشْرَفِ دَاعٍ

سیدنا محمد اور آپ کی آل پر جو (آقا) تمام ممدوحین سے برتر ممدوح ہیں ساتھ تیرے قول کے اور بزرگتر داعی ہیں واسطے تمسک

لِّلْاِعْتِصَامِ بِحَبْلِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ صَلٰوةً تُبَلِّغُنَا فِى الدَّارَيْنِ عَمِيْمَ

کرنے کے ساتھ تیری رسی کے اور جو تیرے انبیاء و رسل سے آخری نبی و رسول ہیں۔ ایسی صلوٰۃ جو پہنچائے ہمیں دونوں جہان میں تیرے فضل عمیم

فَضْلِكَ وَكَرَامَةَ رِضْوَانِكَ وَوَصْلِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

تک اور تیری رضامندی اور وصل کے اعزاز تک۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام اور برکت نازل فرما ہمارے آقا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ الْكُرَمَآءِ مِنْ عِبَادِكَ وَاَشْرَفِ الْمُنَادِيْنَ لِطُرُقِ

آپ کی آل پر جو (آقا) تیرے باکرامت بندوں میں سب سے اکرم ہیں اور بزرگتر ہیں ان تمام سے جو ندا دینے والے ہیں تیری بھلائی والے راہوں

رَشَادِكَ وَسِرَاجِ اَقْطَارِكَ وَبِلَادِكَ صَلٰوةً لَّا تَفْنٰى وَلَا تَبِيْدُ تُبَلِّغُنَا بِهَا

کی طرف اور جو چراغ ہیں تیرے (جہان کے) اطراف اور تمام بلاد کے۔ ایسی صلوٰۃ جو فنا پذیر اور زوال آشنا نہ ہو پہنچائے تو ہمیں اس کی

كَرَامَةَ الْمَزِيْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

بدولت مزید کرامت تک ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرما ہمارے آقا محمد پر اور آپ کی آل پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّفِيْعِ مَقَامُهٗ الْوَاجِبِ تَعْظِيْمُهٗ وَاحْتِرَامُهٗ صَلٰوةً لَّا تَنْقَطِعُ

جن کا مقام بلند ہے ۔ جن کی تعظیم وتکریم واجب ہے ایسی صلوٰۃ جو کبھی منقطع نہ ہو اور کسی

اَبَدًا وَّلَا تَفْنٰى سَرْمَدًا وَّلَا تَنْحَصِرُ عَدَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

دور میں فنا پذیر نہ ہو اور اس کا ازروئے عدد حصر نہ ہوسکے ۔ اے اللہ صلوٰۃ ہمارے آقا محمد پر

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ وَعَلٰى اٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ خَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ

جو نبی امیّ ہیں اور طاہر ومطہر ہیں اور آپ کی آل پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج اور ہراس ذات اقدس کے جس کے ساتھ ختم فرمایا تو نے

وَاَيَّدْتَّهٗ بِالنَّصْرِ وَالْكَوْثَرِ وَالشَّفَاعَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

رسالت کو ۔ اور تائید فرمائی ان کی ساتھ اپنی نصرت کے اور کوثر وشفاعت کے ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولے

مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْحَكَمِ وَالْحِكْمَةِ السِّرَاجِ الْوَهَّاجِ الْمَخْصُوْصِ بِالْخُلُقِ

محمد پر جو نبی حاکم ہیں اور سراپا حکمت اور چمکتا چراغ ہیں ۔ جو خاص کئے گئے ہیں خلق

الْعَظِيْمِ وَخَتْمِ الرُّسُلِ ذِي الْمِعْرَاجِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهِ السَّالِكِيْنَ

عظیم کے ساتھ اور ختم رسل ہونے اور صاحب معراج ہونے کے ساتھ اور آپ کے اہل واصحاب اور اتباع پر جو آپ

عَلٰى مَنْهَجِهِ الْقَوِيْمِ فَاَعْظِمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ بِهٖ مِنْهَاجُ نُجُوْمِ

شاہراہ شریعت قیمہ پر چلنے والے ہیں پس ان کو عظمت بخش ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج اس ذات اقدس پر جن کی بدولت ہے کشادہ راستہ نجوم

الْاِسْلَامِ وَمَصَابِيْحُ الظَّلَامِ الْمُهْتَدٰى بِهِمْ فِيْ ظُلْمَةِ لَيْلِ الشَّكِّ الدَّاجِ صَلٰوةً

اسلام کا ۔ اور ظلمتوں کے چراغوں کا جن کے ذریعے ہدایت حاصل کی جاتی ہے شک وتردد کی سیاہ رات کی تاریکی میں ایسی صلوٰۃ

دَائِمَةً مُّسْتَمِرَّةً مَّا تَلَاطَمَتْ فِي الْاَبْحُرِ الْاَمْوَاجُ وَطَافَ بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ

جو دائم اور ہمیشہ برقرار ہو جب تک تھپیڑے کھاتی رہیں سمندروں میں موجیں ۔ اور طواف کرتے رہیں بیت عتیق (کعبہ) کے

مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ الْحُجَّاجُ وَاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِيْمِ عَلٰى مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِهٖ

گرد ہر گہرے راستے سے آنے والے حجاج کرام ۔ اور افضل ترین صلوٰۃ وسلام ہو محمد پر جو کہ اس کے رسول

اَلْکَرِیْمِ وَصَفْوَتِہٖ مِنَ الْعِبَادِ وَشَفِیْعِ الْخَلَآئِقِ فِی الْمِیْعَادِ صَاحِبِ الْمَقَامِ

کریم ہیں اور اس کے بندگان خاص سے چنے ہوئے ہیں اور شفیع ہیں ساری مخلوقات کے قیامت کے دن۔ مالک ہیں مقام محمود

الْمَحْمُوْدِ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ النَّاهِضِ بِاَعْبَآءِ الرِّسَالَةِ وَالتَّبْلِیْغِ الْاَعَمِّ وَ

کے اور حوض کے جس پر پیاسے وارد ہونے والے ہیں جو قیام فرمانے والے ہیں رسالت کی اور تبلیغ عام کی عباؤں کے ساتھ اور

الْمَخْصُوْصِ بِشَرَفِ السِّعَایَةِ فِی الصَّلَاحِ الْاَعْظَمِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ

مخصوص کئے گئے ہیں عظیم تر صلاح اور بہتری کے لیے سعی و کوشش کے شرف کے ساتھ۔ صلوٰۃ بھیجے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر

صَلٰوۃً دَآئِمَةً مُّسْتَمِرَّةَ الدَّوَامِ عَلٰی مَرِّ اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ فَهُوَ سَیِّدُ الْاَوَّلِیْنَ وَ

ایسی صلوٰۃ جو دائم اور مستمر ہو تمام گزرتی راتوں اور دنوں میں پس وہ سردار ہیں سب اوّلین و آخرین کے

الْاٰخِرِیْنَ وَاَفْضَلُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ عَلَیْهِ اَفْضَلُ صَلٰوۃِ الْمُصَلِّیْنَ وَاَزْکٰی

اور افضل ہیں اولین و آخرین سے۔ انہیں پر ہو افضل ترین صلوٰۃ سب صلوٰۃ بھیجنے والوں سے اور

سَلَامِ الْمُسَلِّمِیْنَ وَاَطْیَبُ ذِکْرِ الذَّاکِرِیْنَ وَاَفْضَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَحْسَنُ صَلَوَاتِ

پاکیزہ تر سلام۔ سب سلام بھیجنے والوں سے اور پاکیزہ تر ذکر تمام ذکر کرنے والوں سے۔ اور اللہ تعالیٰ کی صلوات سے افضل ترین صلوٰۃ اور احسن ترین

اللّٰهِ وَاَجَلُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَجْمَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَکْمَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَسْبَغُ صَلَوَاتِ

صلوٰۃ اور صلوات الٰہیہ میں سے بزرگتر صلوٰۃ اور صلوات الٰہیہ میں سے انتہائی جمیل صلوٰۃ اور صلوات الٰہیہ میں سے کامل ترین صلوٰۃ اور صلوات الٰہیہ

اللّٰهِ وَاَتَمُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَظْهَرُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَعْظَمُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَزْکٰی

میں سے وسیع تر صلوٰۃ۔ اور صلوات الٰہیہ میں سے اکمل ترین۔ اور صلوات الٰہیہ میں سے روشن تر۔ اور صلوات الٰہیہ میں سے عظیم تر صلوٰۃ اور صلوات الٰہیہ میں

صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَطْیَبُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَبْرَکُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَزْکٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ

سے پاکیزہ ترین صلوٰۃ۔ اور تمام صلوات الٰہیہ میں سے زیادہ طیب صلوٰۃ۔ اور تمام صلوات الٰہیہ سے زیادہ بابرکت صلوٰۃ۔ اور تمام صلوات الٰہیہ سے پاکیزہ

وَاَنْمٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَوْفٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَسْنٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَعْلٰی

ترین صلوٰۃ۔ اور سب صلوات الٰہیہ سے زائد صلوٰۃ۔ اور سب صلوٰۃ الٰہیہ سے اکمل صلوٰۃ۔ اور تمام صلوٰۃ صلوات الٰہیہ سے بلند مرتب صلوٰۃ۔ اور تمام صلوات

صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَکْثَرُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَجْمَعُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَعَمُّ صَلَوَاتِ

الٰہیہ سے عالی مرتبت صلوٰۃ۔ اور تمام صلوات الٰہیہ سے کثیر صلوٰۃ۔ اور تمام صلوات الٰہیہ سے جامع تر صلوٰۃ۔ اور تمام صلوات الٰہیہ سے عام تر

اللّٰهِ وَاَدْوَمُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَبْقٰی صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَعَزُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَرْفَعُ

اور تمام صلوات الٰہیہ سے دوام میں زائد صلواۃ ۔ اور تمام صلوات الٰہیہ سے بقاء میں زائد صلواۃ ۔ اور تمام صلوات الٰہیہ سے عزیز تر صلواۃ ۔ اور سب

صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَعْظَمُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ عَلٰٓی اَفْضَلِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَحْسَنِ خَلْقِ اللّٰهِ

صلوات الٰہیہ سے بلند تر صلواۃ اور تمام صلوات الٰہیہ سے عظیم ترین صلواۃ ہو اس ذات اقدس پر جو سب مخلوق خدا سے افضل ترین اور احسن ترین ہیں ۔

وَاَجَلِّ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَكْرَمِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَجْمَلِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَكْمَلِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَتَمِّ

اور سب مخلوق خدا سے جلیل ترین ۔ اور سب مخلوق سے اکرم اور خلق خدا سے اجمل ۔ اور خلق خداوند تعالیٰ سے اکمل اور تمام مخلوق سے کامل ترین

خَلْقِ اللّٰهِ وَاَعْظَمِ خَلْقِ اللّٰهِ وَعَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِ اللّٰهِ وَنَبِیِّ اللّٰهِ وَحَبِیْبِ اللّٰهِ وَ

اور تمام مخلوق سے عظیم ترین ہیں ۔ اور اللہ تعالیٰ کے عبد خاص اور اس کے رسول اور نبی اور حبیب اور ر

صَفِیِّ اللّٰهِ وَنَجِیِّ اللّٰهِ وَخَلِیْلِ اللّٰهِ وَوَلِیِّ اللّٰهِ وَاَمِیْنِ اللّٰهِ وَخِیَرَةِ اللّٰهِ مِنْ خَلْقِ

صفی ہیں اس کے ہمکلام ۔ اور خلیل ۔ اللہ تعالیٰ کے دوست اور اللہ کے امین اور اس کے چنے ہوئے ہیں ساری مخلوق سے

اللّٰهِ وَنُخْبَةِ اللّٰهِ مِنْ بَرِیَّةِ اللّٰهِ وَصَفْوَةِ اللّٰهِ مِنْ اَنْبِیَآءِ اللّٰهِ وَعُرْوَةِ اللّٰهِ وَعِصْمَةِ

اللہ کے منتخب کئے ہوئے ہیں مخلوق خداوند تعالیٰ سے ۔ اور اللہ تعالیٰ کے خالص کئے ہوئے ہیں تمام انبیاء اللہ سے اور اللہ تک رسائی کا مضبوط وسیلہ ہیں

اللّٰهِ وَنِعْمَةِ اللّٰهِ وَمِفْتَاحِ رَحْمَةِ اللّٰهِ الْمُخْتَارِ مِنْ رُّسُلِ اللّٰهِ الْمُنْتَخَبِ مِنْ

اور اللہ تعالیٰ کی عصمت ہیں اور اس کی نعمت ۔ اور رحمت خداوندی کی چابی جو کہ تمام رسولوں میں سے چنے ہوئے ہیں اور انتخاب کئے ہوئے

خَلْقِ اللّٰهِ الْفَآئِزِ بِالْمَطْلَبِ فِی الْمَرْهَبِ وَالْمَرْغَبِ الْمُخْلَصِ فِیْمَا وُهِبَ اَكْرَمِ

ہیں خلق خداوند تعالیٰ سے ۔ جو کامران ہیں اپنے مطلب کے ساتھ ہر مقام میں خوف کا ہو یا رغبت کا اور ممتاز ٹھہرائے ہوئے ہیں جملہ عطیات

مَبْعُوْثٍ اَصْدَقِ قَآئِلٍ اَنْجَحِ شَافِعٍ وَّاَفْضَلِ مُشَفَّعٍ الْاَمِیْنِ فِیْمَا اسْتُوْدِعَ

میں انتہائی صاحب کرامت رسول ہیں اور سب سے زیادہ سچے قول والے ہیں ۔ کامیاب ترین شفیع ہیں ۔ اور حق شفاعت دئے جانے والوں میں سے افضل ہیں امانتدار

الصَّادِقِ فِیْمَا بَلَّغَ الصَّادِعِ بِاَمْرِ رَبِّهِ الْمُضْطَلِعِ بِمَا حُمِّلَ اَقْرَبِ رُسُلِ اللّٰهِ اِلَی

ہیں تمام امانتوں میں جو ان کے سپرد کی گئیں ۔ سچے ہیں امور تبلیغیہ میں ۔ پوری قوت صرف کرنے والے ہیں اپنے رب کے امر میں مضبوطی و ثابت قدمی سے کام لینے والے ہیں اس

اللّٰهِ وَسِیْلَةً وَّاَعْظَمِهِمْ غَدًا عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً وَّفَضِیْلَةً وَّاَكْرَمِ الْاَنْبِیَآءِ الْكِرَامِ

بوجھ میں جو ان پر ڈالا گیا تمام رسل سے قریب تر ہیں طرف اللہ تعالیٰ کے از روئے وسیلہ کے ۔ اور ان تمام سے عظیم تر ہیں روز قیامت میں اللہ تعالیٰ کے ہاں از روئے منزلت اور فضیلت کے

الصَّفْوَةِ عَلَى اللهِ وَاَحَبِّهِمْ اِلَى اللهِ وَاَقْرَبِهِمْ زُلْفٰى لَدَى اللهِ وَاَكْرَمِ الْخَلْقِ عَلَى اللهِ وَ

اور چنے ہوئے انبیاء کرام میں سے انتہائی بزرگ ہیں اللہ کے ہاں اور سب سے محبوب تر ہیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک ۔ اور ان سے قریب تر ہیں باعتبار قرب کے اللہ تعالیٰ کے ہاں ۔

اَحْظَاهُمْ وَاَرْضَاهُمْ لَدَى اللهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ

اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے اکرم ہیں اس کے نزدیک اور عظیم تر حصے والے ان تمام سے ۔ اور ان سب سے پسندیدہ اللہ کے نزدیک ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر جو تیرے

اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ مَمْلُكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَ

انوار کا سمندر اور تیرے اسرار کی معدن و کان ہیں تیری حجت کے ترجمان ۔ تیری مملکت کے دولہا ۔ تیری بارگاہ کے امام ۔ تیرے ملک کا نقش و نگار ۔

خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ

تیری رحمت کے خزانے ہیں اور تیری شریعت کا راستہ ۔ ذوق حاصل کرنے والے ہیں تیری توحید کے ساتھ ۔ چشم وجود کا نور ہیں

وَالسَّبَبِ فِىْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ ضِيَائِكَ صَلٰوةً

اور تمام موجودات کا سبب ایجاد ۔ تیری مخلوق کے ارکان واصول کی اصل اور بنیاد ہیں ۔ سب مخلوق سے مقدم ہیں تیرے نور ضیاء سے ۔ ایسی صلوٰۃ

تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰى بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ

جو دائم ہو تیرے دوام کے سبب اور باقی رہے تیری بقاء کی بدولت جس کی انتہاء نہ ہو سوا تیرے علم کے ۔ ایسی صلوٰۃ جو تجھے راضی کرے

وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمُشَمِّرِ عَنْ سَاعِدِ

اور انھیں راضی کرے اور تو بسبب اس کے راضی ہو جائے ہم سے ۔ اے رب العالمین ۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما جدوجہد کے دست وبازو سے آستینیں

الْجِدِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمُسْتَعْمِلِ فِىْ مَرْضَاتِكَ غَايَةَ الْجُهْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى

چڑھانے والے پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج اس ذات اقدس پر جو کام میں لاتے والے ہیں تیری رضامندی میں اپنی پوری قوت کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

النَّبِىِّ الْخَاتِمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الرَّسُوْلِ الْخَاتِمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْمُصْطَفَى الْقَائِمِ

نبی آخر الزمان پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج رسول آخر الزمان پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج مصطفٰے پر جو تیرے حقوق کے ساتھ قائم ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَاءِ الرَّحْمَةِ وَمِيْمِ الْمُلْكِ وَدَالِ الدَّوَامِ السَّيِّدِ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر جو رحمت کی حا ہیں ۔ اور ملک کا میم ۔ دوام کی دال ہیں ۔ سردار ہیں

الْكَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ عَدَدَ مَا فِىْ عِلْمِكَ كَائِنٌ اَوْ قَدْ كَانَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَذَكَرَهُ

صاحب کمال ہیں ۔ اوّل نبی ہیں ۔ اور آخری نبی بھی مطابق اعداد ان اشیاء کے جو تیرے علم میں ہیں موجود ہونے والی ہیں یا ہو چکی ہیں جب بھی ذکر کریں

الذاكرون وكلما غفل عن ذكرك وذكره الغافلون صلوة دائمة بدوام ملك

تیرا اور ان کا ذکر کرنے والے اور جب کبھی غافل ہوں تیرے ذکر سے اور ان کے ذکر سے غفلت والے ایسی صلواۃ جو دائم ہو تیرے دوام تک

باقية ببقائك لا منتهى لها دون علمك انك على كل شيء قدير اللهم

اور باقی ہو تیری بقا تک جس کی انتہا نہ ہو بغیر تیرے علم کے بیشک تو ہی ہر چیز پر قادر ہے ۔ اے اللہ

صل على سيدنا محمد النبي الامي وعلى ال محمد الذي هو ابهى شموس

صلواۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر جو نبی امی ہیں اور آپ کی آل پر جو (آقا) سب آفتابہائے ہدایت سے زیادہ

الهدى نورا وابهرها واسير الانبياء فخرا واشهرها ونوره ازهر انوار الانبياء

ہی روشن ہے باعتبار نورانیت کے اور سب سے زیادہ نمایاں ہے ۔ اور سب انبیاء سے اعلیٰ سیرت والے ہیں از روئے فخر کے اور سب سے مشہور ترین اور آپ کا نور سب

واشرفها واوضحها وازكى الخليقة اخلاقا واطهرها واكرمها و

انبیاء کے انوار سے زیادہ ظاہر ہے اور شرف میں زائد ۔ اور واضح ترین ۔ اور ساری مخلوق سے پاکیزہ تر ہیں از روئے اخلاق کے اور زیادہ طاہر اور کرامت والے اور

اعدلها اللهم صل على سيدنا محمد الذي هو ابهى من القمر التام

سب سے عادل ترین ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر جو کہ چودھویں کے چاند سے بھی زیادہ روشن ہیں

واكرم من السحاب المرسلة والبحر العظيم اللهم صل على سيدنا محمد

اور بارش کے ساتھ بھیجے ہوئے بادلوں سے اور ٹھاٹھیں مارنے سمندروں سے بھی زیادہ صاحب جود و کرم ہیں ۔ اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمد پر

النبي الامي وعلى ال محمد الذي قرنت البركة بذاته ومحياه

جو کہ نبی امی ہیں اور آپ کی آل پر جس (آقا) کی ذات کے ساتھ برکت کو متصل کر دیا گیا ہے اور ان کے چہرۂ اقدس کے ساتھ

وتعطرت العوالم بطيب ذكره ورياه اللهم صل على نبيك المصطفى

اور معطر ہو گئے ہیں تمام جہان ان کے ذکر کی خوشبو سے اور ان کے حسین منظر سے ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج اپنے نبی مصطفےٰ

ورسولك المرتضى ووليك المجتبى وامينك على وحي السماء

اور رسول مرتضےٰ پر اور اپنے ولی مجتبےٰ پر اور آسمانی وحی میں اپنے امین پر

اللهم صل على محمد اكرم الاسلاف القائم بالعدل والانصاف

اے اللہ صلواۃ بھیج محمد پر جو تمام اسلاف سے عزت والے ہیں اور عدل وانصاف کے قائم کرنے والے ہیں

اَلْمَنْعُوْتِ فِیْ سُوْرَةِ الْاَعْرَافِ اَلْمُنْتَخَبِ مِنْ اَصْلَابِ الشِّرَافِ وَالْبُطُوْنِ
جن کی نعت وثناء سورۂ اعراف میں کی گئی ہے۔ جو منتخب اور خلاصہ ہیں بزرگ اصلاب اور عمدہ ارحام سے (ظاہر ہونے والوں کا)
الظِّرَافِ اَلْمُصَفّٰی مِنْ مُّصَاصِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ نِ الَّذِیْ
صاف اور منزہ ہیں عبد المطلب بن عبد مناف کی نسل سے جن کی بدولت
هَدَیْتَ بِهٖ مِنَ الْخِلَافِ وَبَیَّنْتَ بِهٖ سَبِیْلَ الْعَفَافِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
تو نے ہدایت اور رہنمائی فرمائی اخلاقی امور میں۔ اور ان کے ذریعے واضح کیا پاکدامنی کا راستہ اے اللہ صلوٰۃ بھیج
مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْهُدٰی وَالْقَآئِدِ اِلَی الْخَیْرِ وَالدَّاعِیْ اِلَی الرُّشْدِ نَبِیِّ
محمد کریم پر جو نور ہدایت ہیں۔ اور خیر کی طرف قیادت کرنے والے اور بھلائی کی دعوت دینے والے ہیں۔ نبی
الرَّحْمَةِ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدَهٗ كَمَا بَلَّغَ
رحمت ہیں۔ متقیوں کے امام اور رب العالمین کے رسول ہیں جن کے بعد نبی نہیں بنایا جائے گا (ایسی صلوٰۃ بھیج) جیسے کر
رِسَالَتَكَ وَنَصَحَ لِعِبَادِكَ وَتَلَا اٰیَاتِكَ وَاَقَامَ حُدُوْدَكَ وَوَفٰی بِعَهْدِكَ وَاَنْفَذَ
انہوں نے تیرے احکام پہنچائے۔ اور غمخواری فرمائی تیرے بندوں کے لیے، تیری آیات کی تلاوت کی۔ تیرے حدود کو قائم کیا تیرے عہد کو پورا کیا
حُكْمَكَ وَاَمَرَ بِطَاعَتِكَ وَوَالٰی وَلِیَّكَ الَّذِیْ تُحِبُّ اَنْ تُوَالِیَهٗ وَعَادٰی
اور نافذ کیا تیرے حکم کو، اور تیری اطاعت کا حکم دیا۔ اور دوست رکھا تیرے ان دوستوں کو جن سے دوستی تجھے پسند تھی۔ اور عداوت رکھی
عَدُوَّكَ الَّذِیْ تُحِبُّ اَنْ تُعَادِیَهٗ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
تیرے ان اعداء سے جن کے ساتھ عداوت تجھے پسند تھی۔ اور صلوٰۃ بھیجے اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد پر۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج
عَلَی النَّبِیِّ الْهَاشِمِیِّ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
نبی ہاشمی محمد پر اور آپ کی آل و اصحاب پر اور سلام بھیج جیسے کہ سلام کا حق ہے۔ اے اللہ درود بھیج
مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْبَرِیَّةِ صَلٰوةً تُرْضِیْكَ وَتُرْضِیْهِ وَتَرْضٰی بِهَا عَنَّا یَآ اَرْحَمَ
محمد کریم پر جو ساری مخلوق کے سردار ہیں۔ ایسا درود جو تجھے پسند ہو اور اس محبوب کا پسندیدہ ہو اور راضی ہو جائے تو بسبب اس کے ہم سے
الرّٰحِمِیْنَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا كَثِیْرًا طَیِّبًا
اے ارحم الراحمین۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج محمد پر اور ان کے آل واصحاب پر اور سلام بھیج کثیر تعداد میں جو طیب اور

مُبَارَكًا فِيهِ جَزِيلًا جَمِيلًا دَآئِمًا اَبَدًا دَوَامَ مُلْكِ اللّٰهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ شَابًّا زَكِيًّا

بابرکت ہو عظیم وجمیل ہو اور دائمی ہو ساتھ دوام ملک باری تعالی کے اور صلواۃ بھیج محمد کریم پر جبکہ وہ جوان و پاکیزہ ہیں

وَّصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَهْلًا مَّرْضِيًّا وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مُنْذُ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا وَّ

اور صلواۃ بھیج محمد کریم پر جبکہ وہ پختہ عمر اور پسندیدہ (اخلاق) ہیں اور درود بھیج محمد کریم پر جب سے کہ وہ بچے تھے پنگھوڑے ہیں اور

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الصَّلٰوةِ شَيْءٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

صلواۃ بھیج محمد کریم پر حتی کہ نہ باقی رہے صلوات سے کوئی شئ۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد پر

الْمَبْعُوْثِ مِنْ تِهَامَةَ وَالْاٰمِرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالْاِسْتِقَامَةِ وَالشَّفِيْعِ لِاَهْلِ الذُّنُوْبِ

جو بھیجے گئے ہیں تہامہ سے اور نیکی اور راست روی کا حکم دینے والے ہیں۔ اور شفیع ہیں گنا ہگاروں کے لیے

فِيْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِيَآئِكَ وَاَكْرَمِ اَصْفِيَآئِكَ

اوقات قیامت میں۔ اے اللہ صلواۃ بھیج محمد پر جو تیرے تمام انبیاء سے افضل اور اصفیاء سے اکرم ہیں

وَاِمَامِ اَوْلِيَآئِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِيَآئِكَ وَحَبِيْبِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَشَهِيْدِ الْمُرْسَلِيْنَ

اور تیرے تمام اولیاء کے امام اور تیرے سب انبیاء کے خاتم ہیں اور حبیب ہیں رب العالمین کے اور گواہ ہیں تمام رسولوں کے

وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَسَيِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ اَجْمَعِيْنَ الْمَرْفُوْعِ الذِّكْرِ فِي الْمَلٰٓئِكَةِ

اور شفیع عاصیاں ہیں اور سردار ہیں تمام اولاد آدم کے جن کا ذکر ملائکہ مقربین میں

الْمُقَرَّبِيْنَ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ الصَّادِقِ الْاَمِيْنِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ الرَّءُوْفِ

بلند کیا ہوا ہے جو (اہل طاعت) کو بشارت دینے والے اور (اہل عصیان) کو ڈرانے والے ہیں۔ روشن چراغ ہیں۔ صادق وامین ہیں

الرَّحِيْمِ الْهَادِيْ اِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ الَّذِيْ اٰتَيْتَهٗ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ

واضح حق ہیں اور بہت مہربان رحم فرمانے والے ہیں۔ رہنمائی فرمانے والے ہیں صراط مستقیم کی جن کو عطا کیں تو نے سات آیات تکرار کی جا ئیوالیں (فاتحہ)

الْعَظِيْمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَهَادِي الْاُمَّةِ اَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَيَدْخُلُ

اور قرآن عظیم جو رحمت والے نبی ہیں اور اُمت کے ہادی۔ پہلے فرد جن سے حجاب زمین پھٹ کر الگ ہوگا اور اپہلے شخص جو) داخل ہوں گے

الْجَنَّةَ وَالْمُؤَيَّدِ بِجِبْرِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ الْمُبَشَّرِ بِهٖ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ الْمُصْطَفٰى

جنت میں۔ جن کو تائید و تقویت دی گئی ہے جبرئیل اور میکائیل کے ساتھ۔ جن کی بشارت دی گئی ہے تورات وانجیل میں جو مصطفٰے

الْمُجْتَبٰى الْمُنْتَخَبِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ

مجتبٰے اور منتخب ہیں ابو القاسم محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاَوَّابِ النَّاطِقِ بِالصَّوَابِ الْمَنْعُوْتِ فِی الْکِتَابِ

اے اللہ صلوٰۃ بھیج محمد پر جو (تیری طرف) بہت رغبت رکھنے والے نبی اور حق کے ساتھ کلام کرنیوالے ہیں جو ثنا کئے گئے ہیں (اللہ) کی

النَّبِیِّ عَبْدِ اللّٰہِ النَّبِیِّ کَنْزِ اللّٰہِ النَّبِیِّ حُجَّةِ اللّٰہِ النَّبِیِّ مَنْ اَطَاعَهٗ فَقَدْ

کتابوں میں۔ ایسے نبی جو اللہ کے عبد خاص ہیں۔ ایسے نبی جو اللہ کا خزانہ ہیں۔ ایسے نبی جو اللہ کی برہان ہیں۔ ایسے نبی کہ جو ان کی اطاعت کرے

اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَاهُ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ النَّبِیِّ الْعَرَبِیِّ الْقُرَشِیِّ الزَّمْزَمِیِّ

اس نے اللہ کی اطاعت کی۔ اور جس نے ان کی نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی۔ ایسے نبی جو عربی، قریشی ہیں اور زمزم،

الْمَکِّیِّ التِّهَامِیِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ قَاهِرِ الْمُضَآدِّیْنَ مُبِیْدِ الْکٰفِرِیْنَ

مکہ اور تہامہ والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج محمد پر جو مخالفین پر قہر فرمانے والے ہیں، کفار کو ہلاک کرنے والے ہیں

وَقَاتِلِ الْمُشْرِکِیْنَ قَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ اِلٰى جَنّٰتِ النَّعِیْمِ وَجِوَارِ الْکَرِیْمِ

مشرکین کو قتل کرنے والے اور نورانی چہروں اور روشن اعضاء والوں کے قائد ہیں جنات نعیم کی طرف اور اللہ کریم کے قرب کی طرف

صَاحِبِ جِبْرِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَ

جو جبرئیل کے ساتھی ہیں۔ رب العالمین کے رسول۔ شفیع عاصیاں ہیں اور

غَایَةِ الْغَمَامِ وَمِصْبَاحِ الظَّلَامِ وَقَمَرِ التَّمَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

بادلوں کی غایت ہیں اور تاریکیوں میں روشن چراغ ہیں اور ماہ تمام ہیں۔ درود بھیجے اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر

الْمُصْطَفَیْنَ مِنْ اَطْهَرِ جِبِلَّةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَرْسَلَهٗ مِنْ

جو چنے ہوئے ہیں پاکیزہ ترین جبلت اور خمیر سے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج محمد پر جنہیں ارسال فرمایا اللہ تعالیٰ نے

اَرْجَحِ الْعَرَبِ مِیْزَانًا وَّاَوْضَحِهَا بَیَانًا وَّاَفْصَحِهَا لِسَانًا وَّاَشْمَخِهَا اِیْمَانًا وَّ

اس شان سے کہ وہ سب عرب پر وزنی ہیں از روئے میزان کے اور سب سے واضح تر ہیں باعتبار کلام کے اور فصیح تر ہیں باعتبار زبان کے اور بلند تر ہیں

اَعْلَاهَا مَقَامًا وَّاَحْلَاهَا کَلَامًا وَّاَوْفَاهَا ذِمَامًا وَّاَصْفَاهَا رَغَامًا وَّاَعْلٰى

از روئے ایمان کے۔ بلند تر ہیں از روئے مقام کے اور شیریں تر ہیں باعتبار کلام کے اور سب سے زیادہ نبھانے والے ذمہ داریوں کے اور بہت صافی ہیں از روئے جوہر و طینت

النَّاسِ قَدْرًا وَّ اَعْظَمِهِمْ مَّحَلًّا وَّ اَكْمَلِهِمْ مَحَاسِنًا وَّ فَضْلًا وَّ اَفْضَلِ الْاَنْبِيَاۗءِ

کے اور بلند ترین ہیں تمام لوگوں سے از روئے قدر کے اور عظیم تر ہیں از روئے مقام کے اور کامل تر ہیں از روئے محاسن اور فضائل کے اور افضل ہیں تمام

دَرَجَةً وَّ اَكْمَلِهِمْ شَرِيْعَةً وَّ اَشْرَفِ الْاَنْبِيَاۗءِ نِصَابًا وَّ اَبْيَنِهِمْ بَيَانًا وَّ خِطَابًا

انبیاء سے از روئے درجات کے اور کامل تر ہیں باعتبار شریعت کے اور بزرگ تر ہیں تمام انبیاء سے از روئے اصل کے اور ان سے واضح تر ہیں

وَّ اَفْضَلِهِمْ مَّوْلَدًا وَّ مُهَاجَرًا وَّ عِتْرَةً وَّ اَصْحَابًا وَّ اَكْرَمِ النَّاسِ اَرُوْمَةً وَّ

از روئے بیان اور خطاب کے۔ اور ان سے افضل ہیں باعتبار دار ولادت اور دار ہجرت کے اور از روئے اولاد و اصحاب کے۔ اور تمام لوگوں سے اکرم ہیں باعتبار خمیر

اَشْرَفِهِمْ جُرْثُوْمَةً وَّ خَيْرِهِمْ نَفْسًا وَّ اَطْهَرِهِمْ قَلْبًا وَّ اَصْدَقِهِمْ قَوْلًا

اور بزرگ تر ہیں باعتبار اصل کے اور بہتر ہیں از روئے نفس کے اور پاکیزہ تر ہیں از روئے قلب کے اور سب سے زیادہ سچے ہیں اقوال میں۔

وَّ اَزْكَاهُمْ فِعْلًا وَّ اَثْبَتِهِمْ اَصْلًا وَّ اَوْفٰهُمْ عَهْدًا وَّ اَمْكَنِهِمْ مَّجْدًا وَّ

اور سب سے پاکیزہ تر ہیں افعال میں اور مضبوط ترین ہیں از روئے اصل کے اور بہت پورا کرنے والے ہیں عہد کے اور راسخ تر ہیں از روئے مجد کے اور

اَكْرَمِهِمْ طَبْعًا وَّ اَحْسَنِهِمْ صُنْعًا وَّ اَطْيَبِهِمْ فَرْعًا وَّ اَكْثَرِهِمْ طَاعَةً وَّ

ان سے مکرم ہیں از روئے طبع کے۔ اور خوب تر ہیں از روئے صنعت کے اور پاکیزہ تر ہیں از روئے فرع کے اور اکثر ہیں باعتبار طاعت کے اور

سَمْعًا وَّ اَعْلَاهُمْ مَّقَامًا وَّ اَحْلَاهُمْ كَلَامًا وَّ اَزْكٰهُمْ سَلَامًا وَّ اَجَلِّهِمْ

سمیع کے اور بلند تر ہیں باعتبار مقام کے اور شیریں تر ہیں از روئے کلام کے اور پاکیزہ تر ہیں از روئے سلام کے اور بزرگ تر ہیں

قَدْرًا وَّ اَعْظَمِهِمْ نَسَبًا وَّ اَسْنَاهُمْ فَخْرًا وَّ اَرْفَعِهِمْ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى

ان تمام سے از روئے منزلت کے۔ اور بلند تر ہیں از روئے نسب کے اور روشن تر از روئے فخر کے اور ان سے بلند تر ہیں ملاء اعلیٰ میں

ذِكْرًا وَّ اَوْفٰهُمْ عَهْدًا وَّ اَصْدَقِهِمْ وَعْدًا وَّ اَكْثَرِهِمْ شُكْرًا وَّ اَعْلَاهُمْ

باعتبار ذکر کے اور زیادہ وفا کرنے والے ہیں ان تمام سے عہد کی اور سب سے زیادہ سچے ہیں وعدہ میں اور سب سے زیادہ شکر گزار ہیں اور بلند تر ہیں

اَمْرًا وَّ اَجْمَلِهِمْ صَبْرًا وَّ اَحْسَنِهِمْ خَيْرًا وَّ اَقْرَبِهِمْ يُسْرًا وَّ اَبْعَدِهِمْ

از روئے امر کے اور جمیل ترین ہیں از روئے صبر کے۔ اور حسین تر ہیں از روئے خیر کے۔ اور قریب تر ہیں از روئے یسر کے اور بلند ترین ہیں

مَّكَانًا وَّ اَعْظَمِهِمْ شَانًا وَّ اَثْبَتِهِمْ بُرْهَانًا وَّ اَرْجَحِهِمْ مِّيْزَانًا وَّ اَوَّلِهِمْ

باعتبار منزلت کے۔ اور عظیم ترین شان والے ہیں اور مضبوط تر برہان والے۔ اور انتہائی وزنی میزان والے۔ اور سب سے اول ہیں۔

اِيْمَانًا وَّاَوْضَحِهِمْ بَيَانًا وَّ اَفْصَحِهِمْ لِسَانًا وَّ اَظْهَرِهِمْ سُلْطَانًا فَاَوْضَحَ

ازروئے ایمان کے۔ اور واضح تر ہیں ازروئے بیان کے۔ اور فصیح تر ہیں ازروئے زبان کے اور (غالب تر ہیں ازروئے حکومت کے)

الطَّرِيْقَةَ وَنَصَحَ الْخَلِيْقَةَ وَشَهَرَ الْاِسْلَامَ وَكَسَّرَ الْاَصْنَامَ وَ

پس آپ نے واضح کر دیا طریقت کو اور نصیحت فرمائی مخلوق کو اور ظاہر کیا اسلام کو اور ٹکڑے ٹکڑے کیا اصنام کو اور

اَظْهَرَ الْاَحْكَامَ وَحَظَرَ الْحَرَامَ وَعَمَّ بِالْاِنْعَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰٓى اَفْضَلِ

ظاہر کیا احکام اسلام کو۔ اور ممنوع ٹھہرایا حرام کو اور سب کا احاطہ کیا ساتھ انعام کے۔ صلوٰۃ بھیجے اللہ تعالیٰ افضل ترین ذات

مَنْ طَابَ مِنْهُ النِّجَارُ وَسَمَا بِهِ الْفَخَارُ وَاسْتَنَارَتْ بِنُوْرِ جَبِيْنِهِ

پر جن کی بدولت پاکیزہ ہوئے حسب اور نسب۔ اور بلند ہوئے سامان فخر اور روشن ہوئے ان کے نور جبین سے

الْاَقْمَارُ وَتَضَاءَلَتْ عِنْدَ جُوْدِ يَمِيْنِهِ الْغَمَآئِمُ وَالْبِحَارُ سَيِّدِنَا وَ

ماہتاب۔ اور حقیر معلوم ہونے لگے۔ ان کے دستِ جود و نوال کے آگے بادل اور سمندر ہمارے آقا اور

نَبِيِّنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ بِبَاهِرِ اٰيَاتِهٖ اَضَاءَتِ الْاَنْجَادُ وَالْاَغْوَارُ وَ

نبی محمد جن کی روشن آیات کے ساتھ نورانی ہو گئے فراز اور نشیب۔ اور

بِمُعْجِزَاتِ اٰيَاتِهٖ نَطَقَ الْكُتُبُ وَتَوَاتَرَتِ الْاَخْبَارُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ

ان کے معجزات آیات کے ساتھ نطق کیا کتبِ الٰہیہ نے اور متواتر ہوئیں ان کی خبریں۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج محمد پر

الَّذِيْ هُوَ قُطْبُ الْجَلَالَةِ وَشَمْسُ النُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ وَالْهَادِيْ عَنِ

جو قطب جلالت ہیں اور شمس نبوّت و رسالت ہیں۔ اور ہدایت دینے والے ہیں۔

الضَّلَالَةِ وَالْمُنْقِذُ مِنَ الْجَهَالَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

گمراہی سے۔ اور بچانے والے ہیں جہالت سے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج

مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاَسِيْلِ السَّيِّدِ النَّبِيْلِ الَّذِيْ جَآءَ بِالْوَحْيِ وَالتَّنْزِيْلِ

محمد پر جو نرم خو نبی ہیں اور بلند مرتبت سردار ہیں جو وحی اور کلام منزل لائے

وَاَوْضَحَ بَيَانَ التَّاْوِيْلِ وَجَآءَهُ الْاَمِيْنُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اور واضح کیا حقیقی مراد کے بجم روشن کو۔ اور لائے آپ کے پاس امین (وحی) جبرئیل علیہ السلام

بِالْكَرَامَةِ وَالتَّفْضِيْلِ وَاَسْرٰى بِهِ الْمَلِكُ الْجَلِيْلُ فِى اللَّيْلِ الْبَهِيْمِ

کرامت و فضیلت کے ساتھ اور سیر کرائی انہیں ملک جلیل نے اس رات میں جو تاریک

الطَّوِيْلِ فَكَشَفَ لَهٗ عَنْ اَعْلَى الْمَلَكُوْتِ وَاَرَاهُ سَنَا الْجَبَرُوْتِ وَنَظَرَ

اور طویل تھی اور ان کے لیے پردے ہٹا دئے ملکوت بالا سے اور انہیں دکھلائی جبروت کی ضیاء و چمک اور مشاہدہ کیا انہوں

اِلٰى قُدْرَةِ الْحَيِّ الدَّآئِمِ الْبَاقِى الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

نے اس ذات اقدس کی قدرت کا جو ہمیشہ کے لیے زندہ، دائم، باقی ہے اور کبھی فوت نہیں ہوگی۔ اے اللہ درود بھیج محمد پر

نَبِيِّكَ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ وَاَصْفِيَآئِكَ مِنْ

جو تیرے نبی ہیں۔ اور ابراہیم پر جو تیرے خلیل ہیں۔ اور اپنے تمام انبیاء پر اور منتخب مخلصین پر خواہ

اَهْلِ اَرْضِكَ وَسَمَآئِكَ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ

اہل ارض سے ہوں یا اہل سماء سے مطابق تعداد اپنی مخلوق کے اور اپنی ذات کی رضامندی کے اور مطابق

عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى عِلْمِكَ وَزِنَةَ جَمِيْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ

اپنے عرش کے وزن کے اور مطابق اپنے کلمات کی سیاہی کی (مقدار کے) اور اپنے معلومات کی انتہاء کے مطابق۔ اور تمام مخلوقات

صَلٰوةً مُّكَرَّرَةً اَبَدًا عَدَدَ مَآ اَحْصٰى عِلْمُكَ وَمِلْاَ مَآ اَحْصٰى

کی مقدار کے مطابق ایسی صلوٰۃ جس میں کثرت تکرار ہو ہمیشہ کے لیے مطابق تعداد ان اشیاء کے جن کا احاطہ کیا تیرے علم نے اور مطابق حجم ان اشیاء

عِلْمُكَ وَاَضْعَافَ مَآ اَحْصٰى عِلْمُكَ صَلٰوةً تَزِيْدُ وَتَفُوْقُ وَ

کے جن کو محیط ہوا علم تیرا اور چند در چند اس سے جس کا احاطہ کیا تیرے علم نے ایسی صلوٰۃ جو زائد اور فائق ہو اور

تَفْضُلُ صَلٰوةَ الْمُصَلِّيْنَ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ كَفَضْلِكَ

برتر ہو ان تمام لوگوں کی صلوات سے جن پر تمام مخلوق کی طرف سے صلوات بھیجی گئی ہوں مانند تیری فضیلت او

عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ عَلَيْهِ وَ

برتری کے اوپر اپنی تمام مخلوق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر اور سلام بھیج ان پر اور

اَجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ حَبِيْبُكَ (ثلثا) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

جزاء دے انہیں ہماری طرف سے جس کے وہ تیرے حبیب اہل ہیں۔ اس درود کو تین مرتبہ پڑھا جائے۔ اے اللہ صلوٰۃ بھیج ہمارے آقا

اِبْرَاهِيْمَ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ خَلِيْلُكَ (ثَلٰثًا)

ابراہیم پر اور سلام بھیج اور جزادے انہیں ہماری طرف سے جس کے وہ تیرے خلیل اہل ہیں اس درود کو بھی تین مرتبہ پڑھا جائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰدَمَ وَنُوْحٍ وَّاِبْرَاهِيْمَ

اے اللہ صلواۃ بھیج ہمارے آقا محمد پر اور آدم و نوح و ابراہیم

وَمُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَا بَيْنَهُمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اور موسیٰ و عیسیٰ اور ان کے درمیان کے تمام انبیاء و مرسلین پر

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (ثَلٰثًا) اَللّٰهُمَّ

اللہ تعالیٰ کی صلوات ہوں اور تسلیمات ہوں ان تمام پر اے اللہ اس درود کو تین مرتبہ پڑھا جائے

صَلِّ عَلٰى اَبِيْنَا اٰدَمَ وَاُمِّنَا حَوَّآءَ صَلٰوةَ مَلٰٓئِكَتِكَ وَاَعْطِهِمَا

اے اللہ صلوات بھیج ہمارے باپ آدم۔ ہماری اماں حوا، پر مانند صلوات تیرے تمام ملائکہ کے اور عطا فرما ان کو

مِنَ الرِّضْوَانِ حَتّٰى تُرْضِيَهُمَا وَاجْزِهِمَا اَللّٰهُمَّ اَفْضَلَ مَا

اپنی رضا مندی سے حتی کہ تو انہیں راضی فرمائے اور انہیں جزاء عطا کرے اللہ افضل ترین جزاء ہو

جَازَيْتَ بِهٖ اَبًا وَّاُمًّا عَنْ وَّلَدَيْهِمَا (ثَلَاثًا) اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ان تمام جزاؤں سے جو تو نے دیں کسی بھی باپ اور ماں کو ان کی اولاد کی طرف سے۔ اے اللہ صلواۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا جِبْرَآئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَآئِيْلَ

بھیج ہمارے آقا جبرائیل و میکائیل اور اسرافیل و عزرائیل پر

وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَعَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ

اور حاملین عرش پر۔ اور تمام مقرب ملائکہ پر۔ اور تمام انبیاء

وَالْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (ثَلٰثًا)

و مرسلین پر۔ اللہ تعالےٰ کی صلوات و تسلیمات ہوں ان تمام پر اسے تین مرتبہ پڑھا جائے

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ وَسَيِّدِ الْاُمَّةِ وَعَلٰٓى اَبِيْنَا

صلواۃ بھیجے اللہ تعالےٰ محمد پر جو نبی رحمت ہیں اور سید اُمت اور ہمارے باپ

آدَمَ وَ اُمِّنَا حَوَّآءَ وَ مَنْ وَّلَدَا مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ

آدم اور ماں حواء پر اور جن کو جنم دیا ان دونوں نے انبیاء و صدیقین اور

